**ضمیمہ**

# پرائمری ون ایڈمیشن سسٹم (Primary One Admission)
## (ستمبر 2025 میں پرائمری ون میں داخلہ)
## <u>معلوماتی نوٹ</u>

پرائمری ون ایڈمیشن سسٹم (Primary One Admission) (POA) دو مراحل میں تقسیم ہے: ''ڈسکریشنری پلیسز ایڈمیشن'' (''Discretionary Places Admission'') مرحلہ اور''سنٹرل ایلوکیشن'' (''Central Allocation'') مرحلہ۔

### (I) ڈسکریشنری پلیسز ایڈمیشن (Discretionary Places Admission) مرحلہ

- والدین ڈسکریشنری پلیسز ایڈمیشن (discretionary places admission) کے نتائج بذریعہ POA ای پلیٹ فارم (ePOA) **<u>10 بجے صبح، 18 نومبر 2024</u>** کو دیکھ سکتے ہیں۔ نتائج کا اجراء تمام حکومتی اور ملحق اسکولوں کی طرف سے اُسی دن کر دیا جائے گا۔ کامیاب امیدوار بچوں کے نام متعلقہ اسکولوں تک بذریعہ ڈاک بھیجے جائیں گے۔
- والدین کو اپنے بچے کو اسکول میں **<u>20 یا 21 نومبر 2024</u>** کو رجسٹر کروانا چاہیے۔ اس مخصوص مدت کے دوران اسکول کے ساتھ رجسٹر نہ کروانے پر یہ ان کی عطا کردہ ڈسکریشنری پلیس (discretionary place) سے دستبرداری پر منتج ہو گا۔ اگر ایسا ہوتا ہے کہ اسکول بالآخر 2025/2026 اسکول سال میں سبسڈی شدہ P1 کلاس نہیں چلاتا ہے تو، ان طلباء کے لیے متبادل P1 جگہوں کا انتظام ایجوکیشن بیورو ((Education Bureau (EDB) کی طرف سے کیا جائے گا جن کو ''ڈسکریشنری پلیسز ایڈمیشن'' (''Discretionary Places Admission'') مرحلے کے دوران داخل کیا گیا ہو گا۔

### (II) سنٹرل ایلوکیشن (Central Allocation) مرحلہ

(a) شمولیت

- وہ بچے جن کو ڈسکریشنری پلیس (discretionary place) میں جگہ نہیں ملی سنٹرل ایلوکیشن (Central Allocation) میں شامل کیے جائیں گے۔
- والدین کو تحریری طور پر EDB کے ذریعے مطلع کیا جائے گا تاکہ **<u>13 تا 19 جنوری 2025 (11:59 بجے شام)</u>** کو بذریعہ ePOA چوائس آف اسکولز فارم (Choice of Schools Form) جمع کروائیں یا **<u>18 تا 19 جنوری 2025</u>** کو مختص کردہ سنٹرل ایلوکیشن (Central Allocation) سنٹر میں اسکول کا انتخاب کر لیں۔
- والدین 2 زمرہ جات کے تحت اسکولوں کا انتخاب کریں گے:

<u>جزو A</u>

- سنٹرل ایلوکیشن (Central Allocation) کے لیے اسکول کی P1 جگہوں کا 10٪ اس جزو کے لیے مختص کیا جاتا ہے۔
- والدین اسکول نیٹس میں سے کسی میں سے بھی 3 اسکولوں کا تک کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

<u>جزو B</u>

- سنٹرل ایلوکیشن (Central Allocation) کے لیے اسکول کی P1 جگہوں کا 90٪ اس جزو کے لیے مختص کیا جاتا ہے۔
- والدین کو اپنے ہوم نیٹ میں سے اسکولوں کا انتخاب کرنا چاہیے*۔

(b) سنٹرل ایلوکیشن (Central Allocation) کے نتائج کا اجراء

- والدین سنٹرل ایلوکیشن (Central Allocation) کے نتائج بذریعہ (ePOA) **<u>10 بجے صبح، 4 جون 2025</u>** کو دیکھ سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ، ہانگ کانگ پوسٹ (HongKong Post) کی طرف سے فراہم کردہ 'لوکل کورئیرپوسٹ'
- (Local CourierPost) سروس کے زریعے POA درخواست فارم میں فراہم کردہ والدین کے پتے پر **<u>4 جون تا 5 جون 2025</u>** کو 'پرائمری ون رجسٹریشن فارم' ('Primary One Registration Form') مع سنٹرل ایلوکیشن (Central Allocation) نتائج والدین کو پہنچائے جائیں گے۔ یہ لیٹر گھر کے دروازے تک پہنچایا جائے گا۔ اگر ہانگ کانگ پوسٹ (HongKong Post) کی طرف سے ڈیلیوری کے وقت ڈاک کی دستاویز موصول کرنے کے لیے کوئی موجود نہ ہوا تو، ایک 'میل کولیکشن نوٹیفکیشن کارڈ' ('Mail Collection Notification Card') والدین کے لیے چھوڑ دیا جائے گا تاکہ وہ اگلے کام کے دن نامزد پوسٹ آفس میں جا کر اسے وصول کر سکیں۔ اگر والدین نے 'پرائمری ون رجسٹریشن فارم' ('Primary One Registration Form') وصول نہ کی ہو، یا 6 جون 2025 تک ہانگ کانگ پوسٹ (HongKong Post) کے جاری کردہ 'میل کولیکشن نوٹیفکیشن کارڈ' ('Mail Collection Notification Card') کو وصول نہ پایا ہو تو، وہ نامزدہ کردہ 'کولیکشن سنٹر' ('Collection Centre') سے 7 جون تا 8 جون 2025 تک 'پرائمری ون رجسٹریشن فارم' ('Primary One Registration Form') وصول کر سکتے ہیں (براہ مہربانی تازہ ترین انتظامات کے لیے EDB POA ویب سائٹ سے رجوع کریں)۔ اگر والدین نے چوائس آف اسکولز فارم (Choice of Schools Form) پر موبائل فون نمبر فراہم کیا ہوا اور اس موبائل نمبر کے ذریعے سنٹرل ایلوکیشن (Central Allocation) نتائج وصول کرنے کے اپنی رضامندی کی نشاندہی کی ہوئی تو، وہ 4 جون کو ایس ایم ایس (SMS) پیغام کے ذریعے بھی نتائج وصول کریں گے۔)
- والدین کو مخصوص مدت کے دوران تفویض کردہ اسکول میں بچے کو رجسٹر کروانا چاہیے۔

**(III) استفسارات**

POA سسٹم کے بارے میں سوالات کے لیے، براہ مہربانی بلاجھجھک School Places Allocation Section, EDB سے متعلقہ Mr Jimmy WAN (2832 7640) اور Ms Esther CHAN (2832 7636) سے رابطہ قائم کریں۔

* NCS امیدوار بچوں کے والدین / سرپرستوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ ان اسکولوں کا انتخاب کریں جہاں چینی زبان میں رچا بسا ماحول موجود ہو تاکہ ان بچوں کو چینی زبان سیکھنے اور معاشرے میں رچ بسنے میں سہولت مل پائے۔ امیدوار بچوں کے رہائشی اسکول نیٹس کے زیادہ تر پبلک سیکٹر اسکولوں بشمول اس فہرست کے اندر موجود اسکولوں میں چینی زبان میں رچا بسا ماحول موجود ہوتا ہے اور ان میں وہ اسکول بھی شامل ہیں جو کہ امیدوار بچوں کے رہائشی اسکول نیٹ میں واقع ہیں۔ NCS طلباء کے لیے اسکول کی بنیاد پر اعانت فراہم کرنے کے اقدامات کے لیے جو کہ انفرادی اسکولوں کی طرف سے فراہم کی جاتی ہے، براہ مہربانی "ایجوکیشن سپورٹ فار NCS اسٹوڈنٹس" ("Education Support for NCS Students") سے رجوع کریں جس کو کمیٹی آن ہوم-اسکول کو- آپریشن (Committee on Home-School Co-operation) نے پرائمری اسکول پروفائلز (Primary School Profiles) (https://www.chsc.hk/primary/en) میں شائع کیا ہے۔ مذکورہ بالا اسکولوں کی اہمیت کے باوصف، اگر یہ معاملہ درپیش آ جاتا ہے کہ والدین / سرپرست یہ تصور کرنے لگیں کہ ان کے بچوں کو اس ابتدائی مرحلے میں چینی زبان میں رچے بسے ماحول میں سیکھنے میں دشواریاں لاحق ہو سکتی ہیں، اور وہ اس کا تذکرہ درخواست فارم میں بھی کرتے ہیں، کہ امیدوار بچہ علمی ذریعے کے طور پر چینی زبان کو استعمال نہیں کر سکتا، تو اس صورت میں وہ ان کی فہرست بطور حوالہ POA 2025 کے ضمیمہ 3 (اسکول جو روایتی طور پر زیادہ NCS طلباء کو داخلہ دیتے ہیں) سے متعلقہ نوٹس بابت تکمیل 'درخواست فارم برائے داخلہ پرائمری ون' (Notes on How to Complete the 'Application Form for Admission to Primary One') میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے جو کہ ان اسکولوں سے ہٹ کر اضافی ہیں کہ جو امیدوار بچوں کے رہائشی اسکول نیٹ میں واقع ہیں، اور یہ انتخاب تب کیا جاتا ہے جب سنٹرل ایلوکیشن (Central Allocation) کے لیے اسکولوں کے انتخاب کے فارموں چوائس آف اسکول فارمز (Choice of Schools Forms) کے حصہ B کو پُر کیا جائے۔

[انگریزی اور نیپالی/ اردو/ ہندی/ تگالوگ/ تھائی/ بھاشا انڈونیشیا/ پنجابی (ہندی)/ ویت نامی نسخوں میں تضادات کی صورت میں، انگریزی نمونہ قابل اطلاق اور غالب رہے گا۔]

(Urdu Version)